بسم اللہ الرحمن الرحیم

نبی پاک صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کے شہزادوں کی تعداد کیا ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کے فرزند (صاحبزادوں) کی تعداد کتنی ہے تین یا چار؟

جواب

نبیِ کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کے فرزند کی تعداد میں اختلاف ہے جن پر سب علماء کا اتفاق ہے وہ دو ہیں حضرت قاسم اور حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہما ایک قول تین کا بھی ہے قاسم، ابراہیم اور عبداللہ رضی اللہ عنہم اور حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃُ اللہِ علیہ نے اسی قول کو زیادہ صحیح بتایا ہے۔ اور بعض قول تین سے زیادہ کے بھی ہیں۔

شیخ محقق علیہ الرَّحمہ مدارج النبوت میں فرماتے ہیں: "رسول اللہ صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی جس اولاد پاک صلوات اللہ علیہم وسلامہ پر تمام علماء کا اتفاق ہے وہ رسول زادے چھ افراد ہیں ان میں آپ کے دو بیٹے حضرت قاسم اور حضرت ابراہیم ہیں اور چار آنجناب صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی صاحبزادیاں ہیں۔ سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ اُمّ کلثوم اور سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہم اجمعین ان کے سوا پر علماء کا اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ ابراہیم اور قاسم کے علاوہ ایک اور فرزند بھی تھے جن کا نام عبداللہ تھا اور وہ مکہ شریف میں ہی چھوٹی عمر میں اس دنیا سے رحلت پا گئے تھے۔ اور ان کا لقب ہی طیب وطاہر تھا، اور اصح یہ ہے کہ صاحبزادے تین ہیں قاسم، ابراہیم اور عبداللہ اور آپ کی صاحبزادیاں چار ہیں۔" (ملخصاً) (مدارج النبوت مترجم، 724/2-سیرت مصطفیٰ، ص552)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری

تاریخ اجراء: ماہنامہ فیضان مدینہ اکتوبر2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net